## سوال

(328) حالت نماز میں خواتین چہرہ چھپا کر رکھیں یا کھلا رکھ سکتی ہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا حالت نماز میں خواتین کا چہرہ چھپا کر (نقاب ڈال کر) نماز پڑھنا جائز ہے؟ یا حالت احرام کی طرح چہرہ کھلا رہنا ضروری ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس وقت اگر کوئی اجنبی آدمی موجود نہ ہو تو عورت کے لیے چہرہ کھلا رکھنا جائز ہے اور کسی اجنبی کی موجودگی میں چہرہ ڈھکا ہونا چاہیے لیکن بلاوجہ چہرہ ڈھانپنا محض تکلف ہے۔ پھر عام حالت کو حالت احرم پر قیاس کرنا درست نہیں کیونکہ حالت احرام مخوص افعال کی متقاضی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :310

## محدث فتویٰ